© rasailojaraid.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

# اشارات

عید بھی آپ گزار چکے، سو گزشتہ عید کی مبارک! رمضان بھی آپ گزار چکے، رمضان کی بھی آپ کو مبارک! اصل خوشی تو ماہ رمضان ہی میں رکھی گئی ہے، جس میں قرآن نازل ہوا۔ اور نزولِ قرآن کا جشن ہر سال اللہ تعالیٰ کی طرف سے منایا جاتا ہے جس میں فرشتے اور مومن سبھی شریک ہوتے ہیں۔ اِس جشن کا نقطۂ عروج لیلۃ القدر میں رکھا گیا ہے، اور طویل مرحلۂ جشن و تربیت سے بخوبی عہدہ برآ ہونے کی خوشی عیدالفطر کی شکل میں منائی جاتی ہے اور عیدالفطر کی بھی اصل اسپرٹ دوگانۂ عید اور تکبیرات اور فطرانہ دینے سے حاصل ہوتی ہے۔ ایک سرے سے دوسرے سرے تک سب سلسلہ عبادات ہی عبادات اور طاعات ہی طاعات۔

رمضان کی روزہ داریوں، تراویح کی شب بیداریوں، لیلۃ القدر کی عبادتوں اور دعاؤں، اعتکاف کی تنہائیوں میں اللہ سے قربتوں اور دینِ حق کی تفہیمات کی سعادتوں، نیز عیدالفطر میں اچھے لباسوں اور کھانوں کے ساتھ خدا پرستانہ اظہارِ مسرت کی لذتوں کا ایک ہی بڑا منشا ہے —— لَعَلَّکُمْ تَتَّقُوْنَ یعنی خدا چاہتا ہے کہ اس کے بندوں میں تقویٰ کی وہ بنیادی صفت ابھرے جو خدا سے دوری اور راہِ ہدایت سے انحراف اور غلط اور ناجائز اور حرام امور کی آلائشوں کے گوارا کرنے پر تیار نہ ہو۔ تقویٰ وہ عظیم الشان روحانی قوت ہے کہ وہ اگر کام کر رہی ہو تو قتل کے لیے اٹھنے والے ہاتھ کو پکڑ سکتی ہے۔ آنکھ سے چھٹنے والے ناوکِ نگاہِ بد کو ہدف پر پہنچنے سے پہلے ہی ملیامیٹ کر سکتی ہے؟ جو لاکھوں کی حرام آمدنی کو کسی ایمان والے فاقہ کش کے ہاتھ کے لیے انگاروں کا ڈھیر بنا سکتی ہے۔ تقویٰ کارفرما

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہو تو ایسے حیرت ناک واقعات نمودار ہو سکتے ہیں کہ کوئی سلطان یا وزیر سلطنت عہدے کو محض اس بنا پر ٹھوکر مار کر تہی دست ہو کر الگ کھڑا ہو جاتے کہ وہ سلطنت غیر الٰہی قانون پہ ایک نظامِ باطل کو چلانے کا موجب ہے۔

---

اس جوہرِ تقویٰ کے بغیر قرآن کی ہدایت پر عمل نہیں ہو سکتا، اس کا قانون نافذ کرنے کی استطاعت بڑے بڑے شہریاروں میں پیدا نہیں ہو سکتی ——— اور اگر تقویٰ بلاشعور کی عمومی سرسری سطح میں بھی پستی آ جائے تو انسانوں کی عام اجتماعی زندگی بھی ضروری تحفظات کے ساتھ بسر نہیں کی جا سکتی۔

اب دیکھ لیجیے اپنے دور کے عالمی علوم اور ترقیات اور اداروں کو اور پھر اندازہ کیجیے کہ انسان کتنی سہولتوں اور سامانوں کے میسر ہوتے ہوئے بھی ایک طرف دوسروں کے لیے وجہِ آزار بنا ہوا ہے اور دوسری طرف اسے اپنی حد تک بھی ذہنی سکون اور قلبی راحت میسر نہیں۔ معاشرہ اور فرد دونوں اپنے اپنے گھڈوں میں چکر کھا رہے ہیں اور راہِ نجات نہیں۔

اللہ کے عذاب کا یہ سلسلہ بڑا عجیب اور غیر معمولی ہوتا ہے کہ فرد یا معاشرے کو ان کے اپنے ہی اعمال کے کڑوے کسیلے اور زہریلے پانی میں غوطے پر غوطے دیے جائیں اور یہ سلسلہ کہیں نہیں رکتا۔ اس وقت مجموعی طور پر ساری انسانیت اپنی ہی عملی کج فکریوں، اپنے ہی ایجاد کردہ پیچ پیچ فلسفوں، اپنے ہی بلند بام ارادوں اور اپنی ہی عافیت سوز تفریحات میں ڈبکیاں کھا رہی ہے۔

دور کی باتوں کو دور چھوڑیے۔ اپنے یہاں دیکھیے۔

ہم اور آپ کھانے، پہناوے، رہن سہن اور گھریلو سامانوں، آرائشوں اور آسائشوں سے پچھلی نسلوں سے بہت آگے نکل آئے ہیں۔ شرحِ خواندگی کا اضافہ کم سہی، مگر ایک تو بڑے بڑے درجہ ہائے تعلیم تک پہنچنے والے اصحاب زیادہ ہیں، ساری قوم کے خیالات و کردار پر اثر انداز ہونے والے ذرائع ابلاغ ——— اخبارات، ریڈیو، ٹیلی ویژن ——— کا طوفان اُمڈ رہا ہے۔ ثقافتی مجالس ہیں۔ سیمینار ہیں، مذاکرے ہیں، نت نئی کتابیں چھپ رہی ہیں۔ رسالے جاری ہیں، کیسٹ ٹیپ پھیل رہے ہیں۔ اب تو ویڈیو کیسٹ کا بھی رواج ہو چلا ہے۔ دینی تقاریب اور جلسے ہوتے ہیں، جمعہ کے خطبات سارے ملک

© rasailojaraid.com

